www.iqbalkalmati.blogspot.com
مہران سیریز
مہران
آسان اردو
تیسری جماعت کیلئے
مصنف: شیخ ندیم تصورؔ
نظرثانی: ن ب انمولؔ
زم زم پبلیکیشنز
کراچی۔پاکستان
PUBLICATIONS

صفحہ نمبر	عنوان		سبق نمبر
	حروفِ ہجا کی پہچان ا آ	پہلا سبق	1
	ب پ ت ث	دُوسرا سبق	2
	ج چ ح خ	تیسرا سبق	3
	د ذ ر ژ	چوتھا سبق	4
	س ش ص ض	پانچواں سبق	5
	ط ظ ع غ	چھٹا سبق	6
	ف ق گ	ساتواں سبق	7
	ل م ن	آٹھواں سبق	8
	و ہ ء ی ے	نواں سبق	9
	ٹ ڈ ڑ ک	دسواں سبق	10
	گھ لھ مھ تھ	گیارھواں سبق	11
	بھ پھ تھ ٹھ جھ	بارھواں سبق	12
	چھ دھ ڈھ ڑھ کھ	تیرھواں سبق	13
	اردو اور سندھی حروف	چودھواں سبق	14
	خدا کی شان (نظم)	پندرھواں سبق	15
	اللہ جل جلالہٗ	سولھواں سبق	16

صفحہ نمبر	عنوان		سبق نمبر
	پیارے رسول ﷺ	سترھواں سبق	17
	بات چیت	اٹھارھواں سبق	18
	کہنا بڑوں کا مانو (نظم)	انیسواں سبق	19
	قرآن مجید	بیسواں سبق	20
	دِنوں کے نام	اکیسواں سبق	21
	تارے (نظم)	بائیسواں سبق	22
	قائداعظمؒ	تیئیسواں سبق	23
	ہمدردی	چوبیسواں سبق	24
	موسم	پچیسواں سبق	25
	بڑھے چلو	چھبیسواں سبق	26
	مرزا قلیچ بیگ	ستائیسواں سبق	27
	بِلّی	اٹھائیسواں سبق	28
	کِسان	انتیسواں سبق	29
	دُعا	تیسواں سبق	30
	ایک سے سو تک گِنتی		

www.iqbalkalmati.blogspot.com
آسان اردو تیسری جماعت کیلئے
بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ
شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔
پہلا سبق
ا
یہ انار ہے۔
آ
یہ آم ہے۔
اَنار ـ آم
اَن ار ـ آم
04

بِلّی – پَتّا – تالا – ثَمَر

بِ لْ لِی – پَ تْ تا – تا لا – ثَ مَ ر

آسان اردو تیسری جماعت کیلئے
تِیسرا سَبَق
ج
یہ جَہاز ہے۔
چ
یہ چانُد ہے۔
ح
یہ حَوض ہے۔
خ
یہ خرگوش ہے۔
جَہاز - چانُد - حوض - خَرگوش
جَ ہ ا ز ۔ چ ا ن د ۔ حَ وُ ض - خَ رُ گ و ش

یہ دَوات ہے۔

یہ ذَخِیرہ ہے۔

یہ ریُل ہے۔

یہ زَنجیر ہے۔

یہ اژُدَہا ہے۔

دَوات – ذَخِیرَہ – ریُل – زَنجُیر–اژدَہا

دَوات ۔ ذَخ ی رَہ ۔ ر ے ل ۔ زَ ن جِ ی ر ۔ اَژ دَ ہ ا

www.iqbalkalmati.blogspot.com
آسان اردو تیسری جماعت کیلئے
پانچواں سبق
س
یہ سُورَج ہے۔
ش
یہ شیُر ہے۔
ص
یہ صُراحی ہے۔
ض
یہ ضَعِیُف ہے۔
سُورَج - شیُر - صُراحی - ضَعِیُف
سُ وُ رَ ج - ش ے رُ - صُ را ح ی - ضَ ع ِ ی ُ ف
08

چھٹا سَبَق

ط	یہ طوطا ہے۔
ظ	یہ ظَفَر ہے۔
ع	یہ عُقاب ہے۔
غ	یہ غُبّارا ہے۔

طوطا - ظَفَر - عُقاب - غُبّارا

ط وُ ط ا - ظَ فَ ر - عُ ق ا ب - غُ بُ ب ا ر ا

ساتواں سَبَق

ف		یہ فَوجی ہے۔
ق		یہ قَلَم ہے۔
گ		یہ گائے ہے۔

فَوجی - قَلَم - گائے۔

فَ وُ ج ی - قَ لَ م - گ ا ء ے

www.iqbalkalmati.blogspot.com
آسان اردو تیسری جماعت کیلئے
آٹھواں سَبَق
ل
یہ لوہار ہے۔
م
یہ مُیز ہے۔
ن
یہ نَل ہے۔
لوہار ـ مُیز ـ نَل
ل و ہ ا ر ـ م ی ز ـ ن ل
11

نواں سَبَق

و	یہ وَرَق ہے۔
ہ	یہ ہِرَن ہے۔
ء	یہ سُوئی ہے۔
ی ے	یہ یَکّہ ہے۔

وَرَق - ہِرَن - سُوئی - یَکّہ

وَرَق - ہِ رَن - سُ وءی - یَ کُ کَ ہ

یہ ٹوپی ہے۔

یہ ڈاکیا ہے۔

یہ پگڑی ہے۔

ک
ک

یہ کِتاب ہے۔

ٹوپی - ڈاکیا - پگڑی - کِتاب

ٹ وُ پ ی - ڈ ا ک ی ا - پ َ گ ڑ ی - ک ِ ت ا ب

گیارھواں سَبَق

گھ		یہ گھوڑا ہے۔
لھ		یہ چُولھا ہے۔
مھ		یہ کُمھار ہے۔
نھ		یہ نَنّھا ہے۔

گھوڑا - چُولھا - کُمھار - نَنّھا

گھ و ڑ ا - چ ُ و لھ ا - ک ُ مھ ا ر - ن َ ن ْ نھ ا

بارھواں سبق

بھ / ب

یہ بھیڑ ہے۔

پھ / پ

یہ پھول ہے۔

تھ / ت

یہ تھیلا ہے۔

جھ / جھ

یہ جُھولا ہے۔

بھیڑ - پھول - تھیلا - ٹھیلا - جھولا

بھ ے ڑ - پھ و ل - تھ ے ل ا - ٹھ ے ل ا - جھ و ل ا

تیرھواں سَبَق

چھ / چ		یہ چھتری ہے۔
دھ / د		یہ دھوبی ہے۔
ڈھ / ڈ		یہ ڈھول ہے۔
ڑھ / ڑ		یہ سیڑھی ہے۔
کھ / ک		یہ کھاٹ ہے۔

چھتری - دھوبی - ڈھول - سیڑھی - کھاٹ

چھ ت ری - دھ و ب ی - ڈھ و ل - س ی ڑھ ی - کھ ا ٹ

چودھواں سَبَق

اُردو	سندھی	اُردو	سندھی	اُردو	سندھی
ا	ا	ٹھ	ٺ	د	د
ب	ب	ث	ث	دھ	ڌ
بھ	ٻ	ج	ج	ڈ	ڏ
پ	ڀ	جھ	جھ	ڈھ	ڊ
پھ	ڦ	چ	ڃ	ذ	ذ
ت	ت	چھ	ڇ	ر	ر
تھ	ٿ	ح	ح	رھ	
ٹ	ٽ	خ	خ	ڑ	ڙ

اُردو	سندھی	اُردو	سندھی	اُردو	سندھی
ڑھ		ع	ع	لھ	
ز	ز	غ	غ	م	م
ژ		ف	ف	مھ	
س	س	ق	ق	ن	ن
ش	ش	ک	ڪ	نھ	
ص	ص	کھ	ک	و	و
ض	ض	گ	گ	ہ	ه
ط	ط	گھ	گھ	ء	ء
ظ	ظ	ل	ل	ی ے	ي

خدا کی شان

زمین و آسماں تیرا
ہے سارا یہ جہاں تیرا

تو ہی خالق ہمارا ہے
تمہارا ہی سہارا ہے

ہمیں پیدا کیا تو نے
کیا سب کچھ عطا تو نے

دیئے سُننے کے لیئے کان
دی بولنے کے لیئے یہ زبان

تیری تسبیح کرتے ہیں
خدا ہم تجھ سے ڈرتے ہیں

"شیخ ندیم تصوّر"

زمین، آسمان، چاند، سُورج کس نے پیدا کیئے ہیں؟

زمین، آسمان، چاند، سُورج اللہ نے پیدا کیئے ہیں۔

ہم سب کو بھی اللہ نے پیدا کیا ہے۔

ہم سب کا مالک اللہ ہے۔

ہم اللہ کی عبادت کرتے ہیں۔

ہم سب کس سے مدد مانگتے ہیں؟

ہم سب اللہ سے مدد مانگتے ہیں۔

یہ پہاڑ، دریاء، سمندر سب اللہ نے پیدا کیئے ہیں۔

اللہ - آسمان - مالک - عبادت - سمندر

سترھواں سَبَق

پیارے رسول ﷺ

حضرت محمد ﷺ ہمارے پیارے رسول ہیں۔ آپ عرب کے مشہور شہر مکے میں پیدا ہوئے۔

مکہ کے لوگ بہت بگڑ چکے تھے اور ان میں طرح طرح کی برائیاں موجود تھیں۔ اللہ نے انہیں صحیح راستہ دکھانے اور نیک بنانے کے لیئے ہمارے پیارے رسول ﷺ کو آخری نبی بنا کر بھیجا جو کہ سارے عالم کے لیئے رحمت بن کر آئے۔ آپ ﷺ نے بگڑے ہوئے انسانوں کو سیدھی راہ دکھائی۔ آپ ﷺ نے ہم سب کو نیکی کرنے کا حُکم فرمایا۔

ہمیں چاہیے کہ ہم آپ ﷺ کی دکھائی ہوئی سیدھی راہ پر چلیں اور سچے مسلمان بنیں۔

رسول - مُسلمان - اچھّی - راستہ - عمل

آپ کا نام کیا ہے؟

میرا نام ایاز ہے؟

آپ کے والد کا نام کیا ہے؟

میرے والد کا نام نواز ہے۔

آپ کتنے بھائی ہیں؟

ہم دو بھائی ہیں۔

آپ کو کتنی بہنیں ہیں؟

مجھ کو ایک بہن ہے۔

یہ کس کا گھر ہے؟

یہ ہمارا گھر ہے۔

ہمارا گھر خوبصورت ہے۔

خوش خط لکھیے

گھر - بہن - بھائی - خوبصورت - والد

کہنا بڑوں کا مانو

اے بھولے بھالے بچو! نادانو! ناتوانو!
سَر پَر بڑوں کا سایہ، سایہ خُدا کا جانو
چاہو اگر بڑائی،
کہنا بڑوں کا مانو۔

ماں باپ کا عزیزو، مانا نہ جس نے کہنا،
دشوار ہے جہاں میں، عزت سے اُس کا رہنا،
چاہو اگر بڑائی،
کہنا بڑوں کا مانو۔

تم کو خبر نہیں کچھ، اپنے بُرے بھلے کی،
جتنی ہے عُمر چھوٹی، اِتنی ہے عقل چھوٹی،
چاہو اگر بڑائی،
کہنا بڑوں کا مانو۔

الطاف حسین حالؔی

خوش خط لکھیے

خُدا - ماں باپ - عزت - عقل - بڑائی

قرآن مجید، اَللہ کی پاک کتاب ہے۔

یہ پاک کتاب، اللہ کے آخری نبی حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ پر نازل ہوئی۔

قرآن مجید رمضان المبارک کے بابرکت مہینے میں نازل ہوئی اور یہ عربی زبان میں ہے۔

اس میں نبیوں کا ذکر اور دین کی باتیں ہیں۔ ہمیں ان باتوں پر عمل کرنا چاہیے۔

ہمیں قرآن مجید کی تعلیم حاصل کرنا چاہیے اور روزانہ اس پاک کتاب کی تلاوت کرنا چاہیے۔

قُرآن - عَرَبی - کتاب - نازل - ہمیں

ایک سال میں بارہ مہینے ہوتے ہیں۔

ایک مہینے میں چار ہفتے ہوتے ہیں۔

ایک ہفتے میں سات دن ہوتے ہیں۔

ہفتے کے دنوں کے نام یہ ہیں۔

سنیچر | اتوار | پیر | منگل

بُدھ | جمعرات | جُمعہ

سنڌيءَ ۾ هفتي جي ڏينهن جا نالا هي آهن.

ڇنڇر | آچر | سومر | اڱارو

اربع | خميس | جمعو

خوش خط لکھیے

سال - جمعرات - منگل - نام - ہفتے

بائیسواں سَبق

تارے

کیسے اچھے، کیسے پیارے
روشن روشن، جگ مگ تارے

کھیل رہے ہیں، آنکھ مچولی
آپَس میں کرتے ہیں اِشارے

کالی بدلی آتی ہے جب
چُھپ جاتے اُس میں سارے

پیاری صورت دیکھ کے اُن کی
میرا دِل بَس یہی پُکارے

دُور ہی سے مَت چمک دِکھاؤ
آؤ کبھی تم پاس ہمارے

چمَک دِکھاؤ پاس صُورت مچَولی

قائدِ اعظم رح

ہمارے وطن کا نام پاکستان ہے۔ ہمارے بزرگوں نے یہ وطن قائداعظم محمد علی جناحؒ کی رہنمائی میں قربانیاں دے کر حاصل کیا ہے۔ قائداعظمؒ سندھ کے کراچی شہر میں پیدا ہوئے اور اسی شہر میں ابتدائی تعلیم پائی۔ پھر انگلستان سے وکالت کا امتحان پاس کیا۔ واپس آ کر وکالت کے ساتھ ساتھ پاکستان بنانے کی کوشش بھی کرتے رہے۔

اللہ کی مہربانی سے قائداعظمؒ کو کامیابی عطا ہوئی اور ۱۹۴۷ء میں پاکستان وجود میں آیا۔ پاکستان بننے کے ایک سال بعد وہ اللہ کو پیارے ہو گئے۔ ان کا مزار کراچی میں ہے۔

پاکستان - کامیابی - امتحان - کوشش - کراچی

ہمدردی

ایک مرتبہ کا ذکر ہے کہ رات ہو چکی تھی، ہر طرف اندھیرا چھا گیا تھا۔

درخت پر ایک بُلبل اداس بیٹھا تھا۔
وہ کہہ رہا تھا:
"اب میں اپنے گھونسلے تک کیسے جاؤں"؟
اس کے قریب ایک جگنو اڑ رہا تھا۔
جگنو، بُلبُل کی بات سُن کر بولا:
بھائی تم اندھیرے سے مت گھبراؤ۔ اللہ نے مُجھے روشنی دی ہے۔ میں تمہارے راستے میں روشنی کروں گا۔

ہیں لوگ وہی جہاں میں اچھے
آتے ہیں جو کام دوسروں کے

ہمدردی - اندھیرا - روشنی - لوگ - کام

موسم

سال میں چار موسم ہوتے ہیں۔

ان کے نام یہ ہیں: گرمی - سردی - خزاں - بہار

گرمی کا موسم بہت گرم ہوتا ہے اور اس میں گرم ہوائیں چلتی ہیں۔

گرمیوں میں ہم ہلکے کپڑے پہنتے ہیں۔

سردی کے موسم میں ہم ٹھنڈ سے بچنے کے لیئے گرم کپڑے پہنتے ہیں۔

خزاں کے موسم میں درختوں کے پتّے گِر جاتے ہیں۔

پھُول مرجھا جاتے ہیں۔

بہار کا موسم سب کو پسند ہے۔ اس موسم میں پھول کھلتے ہیں۔ ہر طرف سبزہ نظر آتا ہے۔ درختوں پر نئے پتے آجاتے ہیں۔

بہار کے موسم میں انسان اور پرندے بڑے خوش نظر آتے ہیں۔

پھُول - طَرَف - سبزہ - سال - پتّے

بڑھے چلو

بہادرو، بہادرو اُٹھو اُٹھو، اُٹھو اُٹھو
بڑھو بڑھو، بڑھو بڑھو چلو چلو، چلو چلو
بڑھے چلو، بڑھے چلو
بڑھے چلو، بڑھے چلو
تُمھی سے ہے، یہ زندگی جگہ جگہ، گلی گلی
تُمھی سے ہے، یہ روشنی چمن چمن، کلی کلی
بڑھے چلو، بڑھے چلو
بڑھے چلو، بڑھے چلو

خوش خط لکھیے

زندگی — روشنی — چمن — جگہ جگہ — چلو

مرزا قلیچ بیگ، سندھ کے ایک مشہور شاعر اور ادیب تھے۔
انہوں نے سندھی، اردو، فارسی اور انگریزی زبان میں بہت سی شاعری، اور تاریخی کہانیوں کی کتابیں لکھیں۔
مرزا صاحب نے بچوں کے لیئے بھی بہت سی اچھی اچھی کہانیاں اور قصے لکھے جو کہ بہت دلچسپ اور مزیدار ہیں۔
بچے وہ کہانیاں پڑھ کر لُطف اندوز ہوتے ہیں۔

مرزا - سندھی - فارسی - اُردو - کتاب

یہ میری بِلّی ہے۔
اس کا رنگ سفید اور کالا ہے۔
اس کے بال ریشم کی طرح نرم ہیں۔
یہ گوشت شوق سے کھاتی ہے۔
دودھ پیتی ہے۔
یہ میاؤں، میاؤں کرتی ہے۔
میرے بُلانے پر دوڑی چلی آتی ہے۔
یہ چُوہوں کی دشمن ہے۔ چُوہے اس کو دیکھ کر بھاگ جاتے ہیں۔

ریشم - دُودھ - سفید - بھاگ - بال

بچّو !اس تصویر میں آپ کو کیا نظر آ رہا ہے۔

یہ ایک کسان ہے۔

یہ کھیت میں ہل چلاتا ہے۔ بیج بوتا ہے، پانی دیتا ہے اور کھیت کی دیکھ بھال کرتا ہے۔ فصل تیار ہوتی ہے تو اسے کاٹتا ہے۔

یہ کھیت میں گیہوں، چاول، کپاس، گنا وغیرہ اُگاتا ہے یہ سب چیزیں ہمارے کام آتی ہیں۔

کسان صُبح سے شام تک محنت کرتا ہے۔

محنت کرنے والے کو سب لوگ پسند کرتے ہیں۔

محنت کرنے والے کو اللہ بھی دوست رکھتا ہے۔

ہم جو اناج کھاتے ہیں وہ بھی کسان کی محنت کا نتیجہ ہے۔

کھیت - پانی - چاول - دوست - نتیجہ

یا رب تو ہے سَب کا آقا
سَب کا مالِک سَب کا داتا

تُونے کِیا اِنسان کو پَیدا
تُونے کِیا حَیوان کو پَیدا

پُھول اور پَودے، چاند اور تارے
تُونے کِیے ہَیں پَیدا سارے

راتیں دِیں آرام کو تُونے
بخشے ہیں دِن، کام کو تُونے

ہم پر رَحُمت تونے کی ہے
عِزَّت دی ہے، دَولت دی ہے

ہم پر یہ بھی رَحُمت کردے
عِلُم سے یا رب دامن بھردے

شفیقؔ کوٹی

خوش خط لکھیے

داتا - پَیدا - رَحُمت - عِزَّت - عِلُم

لفظ	عدد	عدد	لفظ	عدد	عدد	لفظ	عدد	عدد
ایک	1	۱	اٹھارہ	18	۱۸	پینتیس	35	۳۵
دو	2	۲	انیس	19	۱۹	چھتیس	36	۳۶
تین	3	۳	بیس	20	۲۰	سینتیس	37	۳۷
چار	4	۴	اکیس	21	۲۱	اڑتیس	38	۳۸
پانچ	5	۵	بائیس	22	۲۲	انتالیس	39	۳۹
چھ	6	۶	تئیس	23	۲۳	چالیس	40	۴۰
سات	7	۷	چوبیس	24	۲۴	اکتالیس	41	۴۱
آٹھ	8	۸	پچیس	25	۲۵	بیالیس	42	۴۲
نو	9	۹	چھبیس	26	۲۶	تینتالیس	43	۴۳
دس	10	۱۰	ستائیس	27	۲۷	چوالیس	44	۴۴
گیارہ	11	۱۱	اٹھائیس	28	۲۸	پینتالیس	45	۴۵
بارہ	12	۱۲	انتیس	29	۲۹	چھیالیس	46	۴۶
تیرہ	13	۱۳	تیس	30	۳۰	سینتالیس	47	۴۷
چودہ	14	۱۴	اکتیس	31	۳۱	اڑتالیس	48	۴۸
پندرہ	15	۱۵	بتیس	32	۳۲	انچاس	49	۴۹
سولہ	16	۱۶	تینتیس	33	۳۳	پچاس	50	۵۰
سترہ	17	۱۷	چونتیس	34	۳۴	اکیاون	51	۵۱

باون	52	۵۲
ترپن	53	۵۳
چون	54	۵۴
پچپن	55	۵۵
چھپن	56	۵۶
ستاون	57	۵۷
اٹھاون	58	۵۸
اُنسٹھ	59	۵۹
ساٹھ	60	۶۰
اکسٹھ	61	۶۱
باسٹھ	62	۶۲
تریسٹھ	63	۶۳
چونسٹھ	64	۶۴
پینسٹھ	65	۶۵
چھیاسٹھ	66	۶۶
سڑسٹھ	67	۶۷
اڑسٹھ	68	۶۸

انہتر	69	۶۹
ستر	70	۷۰
اکہتر	71	۷۱
بہتر	72	۷۲
تہتر	73	۷۳
چوہتر	74	۷۴
پچھتر	75	۷۵
چھہتر	76	۷۶
ستہتر	77	۷۷
اُٹھہتر	78	۷۸
اُناسی	79	۷۹
اسّی	80	۸۰
اکاسی	81	۸۱
بیاسی	82	۸۲
تراسی	83	۸۳
چوراسی	84	۸۴

پچیاسی	85	۸۵
چھیاسی	86	۸۶
ستاسی	87	۸۷
اٹھاسی	88	۸۸
نواسی	89	۸۹
نوّے	90	۹۰
اکیانوّے	91	۹۱
بانوے	92	۹۲
ترانوے	93	۹۳
چورانوے	94	۹۴
پچیانوے	95	۹۵
چھیانوے	96	۹۶
ستّانوے	97	۹۷
اٹھانوے	98	۹۸
ننانوے	99	۹۹
سو	100	۱۰۰

پہلے ٹرمینل امتحان کے لیئے بارہ اسباق (ا سے ۱۲) رکھے گئے ہیں۔

☆ اردو اور سندھی الفابیٹ۔
☆ ہفتے کے دنوں کے نام / سندھی میں ہفتے کے دنوں کے نام۔
☆ اپنے کلاس ٹیچر کو ایک دن کی چھٹی کی درخواست لکھیں۔
☆ مضمون لکھیں۔ "اخلاق"۔
☆ دیئے گئے الفاظ کے اضداد لکھنا۔
☆ حروف کو ملا کر الفاظ بنانا۔
☆ مہینوں کے نام۔
☆ موسموں کے نام۔
☆ نظم: تتلی ہوں میں تتلی ہوں میں۔

دوسرے ٹرمینل امتحان کے لیئے دس اسباق (۱۳ سے ۲۲) اسباق رکھے گئے ہیں۔

☆ اردو / سندھی الفابیٹ مکمل یاد۔
☆ حروف ملا کر الفاظ بنانا۔
☆ الفاظ کے اضداد لکھنا۔
☆ الفاظ کے جمع بنانا۔
☆ کلاس ٹیچر کو دو دن کی چھٹی کی درخواست لکھنا۔
☆ مضمون لکھیں۔ "اللہ تعالیٰ کے آخری نبی ﷺ"۔
☆ عبارت کو سندھی / اردو میں ترجمہ کرنا۔

پہلے ٹرمینل امتحان کے لیئے بارہ اسباق (ا سے ۱۲) رکھے گئے ہیں۔

سوال ۱: سندھی اور اردو الفابیٹ لکھیں۔

سوال ۲: ہفتہ کے دنوں کے نام لکھیں۔

سوال ۳: سال میں کتنے مہینے ہوتے ہیں؟

سوال ۴: ایک ہفتے میں کتنے دن ہوتے ہیں؟

سوال ۵: نیچے دیئے الفاظ کو جوڑ کر لکھیئے۔

س + و + ر + ج = ____________

ش + ے + ر = ____________

ط + و + ط + ا = ____________

ق + ل + م = ____________

ت + ا + ل + ا = ____________

چ + ا + ن + د = ____________

ر + ے + ل = ____________

د + و + ا + ت = ____________

ک + ت + ا + ب = ____________

تھ + ے + ل + ا = ____________

سوال ۶: اپنے کلاس ٹیچر کو ایک دن کی چھٹی کی درخواست لکھیں۔

سوال ۷: مضمون لکھیں "اخلاق"۔

سوال ۸: نیچے دیئے گئے الفاظ کے متضاد بنایئے۔

چاند - شیر - ضعیف - گائے - پھُول

دوسرے ٹرمینل امتحان کے لئے دس (۱۰) اسباق رکھے گئے ہیں۔

سوال۱: نیچے دیئے گئے سوالوں کا جواب لکھئے:

(۱) ہمیں آنکھ، ناک، کان کس نے دیئے ہیں۔

(۲) زمین، آسمان، چاند سورج کس نے بنائے ہیں۔

(۳) اللہ تعالیٰ کے آخری نبیؐ کون تھے؟

(۴) آپ کے والد کا نام کیا ہے۔

(۵) دور ہی سے کون چمک دکھاتے ہیں؟

سوال نیچے دیئے گئے الفاظ کو جوڑ کر لکھیے:

پ + ی + ا + ر + ے ______________

ص + و + ر + ت ______________

چ + م + ک ______________

آ + خ + ر + ی ______________

ز + ب + ا + ن ______________

د + ے + ن ______________

ب + ڑ + و + ں ______________

ع + ز + ت ______________

سوال: اپنے کلاس ٹیچر کو دن کی چھٹی کی درخواست لکھیں۔

سوال: اللہ تعالیٰ کے آخری نبی پر مضمون لکھیں۔

سوال: نیچے دیئے گئے الفاظ کے متضاد بنایئے

عزت اول اچھا شہر سچا دنیا کامیاب

سوال: الفاظ کے جمع بنانا

جرم عمارت اچھائی رحمت بارش

سالانہ امتحان

سوال: سندھی اور اردو الفابیٹ لکھیں:

سوال: دیئے گئے سوالات کے جوابات لکھیں۔

(۱) سال میں کتنے موسم ہوتے ہیں؟

(۲) مرزا قلیچ بیگ کون تھے؟

(۳) بلی کے بال کیسے ہیں؟

(۴) اناج کون اگاتا ہے؟

(۵) ہمارے ملک پاکستان کا بانی کون ہے؟

سوال: مندرجہ ذیل حروف ملا کر الفاظ بنایئے:

پ + ا + ک + س + ت + ا + ن ______

ہ + م + د + ر + د + ی ______

ک + س + ا + ن ______

م + ح + ن + ت ______

ا + ن + ا + ج ______

و + ط + ن ______

ک + ر + ا + چ + ی ______

ک + و + ش + ش ______

د + ر + خ + ت ______

ل + و + گ ______

سوال: اپنے کلاس ٹیچر کو تین دن کی چھٹی کی درخواست لکھیں:

سوال: قائداعظم پر مضمون لکھیں:

سوال: مندرجہ ذیل الفاظ کے متضاد بنایئے:

روشنی پاس ایک پھول سفید

سوال: مندرجہ ذیل الفاظ کے جمع لکھیے:

نتیجہ خبر قاعدہ رحمت انعام